گھریلو استعمال کے لیے بارش کے پانی کو کیسے ذخیرہ اور استعمال کیا جائے: چند ضروری ہدایات

آپ کے گھر میں بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے کے لیے جو یونٹ نصب کیا گیا ہے اس کا تکنیکی نام رین واٹر ہارویسٹنگ یونٹ ہے۔ اس یونٹ کا استعمال اور دیکھ بھال انتہائی سادہ اور آسان ہے۔ محض معمولی سی کاوش، نگہداشت اور احتیاط سے آپ کئی برس تک اس یونٹ کو استعمال کر کے نہ صرف اپنے گھرانے بلکہ اپنی گلی و محلہ، پڑوسیوں اور علاقہ کے لیے بھی کئی سماجی و ماحولیاتی فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ ان فوائد کی تفصیل بارش کے پانی کا ذخیرہ و استعمال: تعارفی کتابچہ میں درج ہیں۔

رین واٹر ہارویسٹنگ یونٹ کے پائیدار اور مئوثر استعمال کے لیے مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں:

اس یونٹ میں پانی کو پینے کے قابل بنانے کے لیے فی الحال اضافی فلٹر نصب نہیں کیا گیا۔ اس لیے اس پانی کو پینے سے گریز کریں۔

ٹینکی میں ذخیرہ شدہ پانی کو آپ دیگر گھریلو کاموں کے لیے بلا خطر استعمال کر سکتے ہیں، جیسے ٹائلٹ / کموڈ کو فلش کرنا، منہ ہاتھ دھونا، کپڑے دھونا، سائیکل / موٹر سائیکل اور گاڑی دھونا؛ گھر کی دھلائی، پودوں کو پانی دینا وغیرہ۔



اس یونٹ میں بارش کے پانی کو ذخیرہ کرنے کے لیے پلاسٹک کی ٹینکی نصب کی گئی ہے جو آپ کے گھر کی چھت سے بہہ کر آنے والے بارش کے پانی کو ذخیرہ کرتی ہے۔
چھت پر موجود گرد و غبار، پتے، تنکے، کیڑے مکوڑے اور پرندوں کی بیٹیں وغیرہ پانی کے ساتھ بہہ کر ٹینکی کا رخ کرتی ہیں۔ ان کثافتوں کو ٹینکی میں جانے سے روکنے کے لیے ایک علیحدہ پائپ / نالی نصب کی گئی ہے جسے کھولنے اور بند کرنے کے لیے اس کے سرے پر ایک کارک یا والو نصب کیا گیا ہے۔
اس کارک کو یا تو کھلا رکھیں یا جونہی بارش برسنا شروع ہو تو اس کارک کو کھول دیں تا کہ پانی کے ساتھ بہہ کر آنے والی کثافتیں اس پائپ یا نالی کے ذریعے خارج ہو جائیں۔ کچھ دیر انتظار کریں۔ جب اس نالی سے صاف پانی آنا شروع ہو جائے تو اس کے کارک یا والو کو بند کر دیں۔ صاف پانی ٹینکی میں جانا شروع ہو جائیگا۔

وقتاً فوقتاً چھت کی صفائی کرتے رہیں تا کہ اس پر گندگی اکٹھی نہ ہو جو بصورتِ دیگر پانی کے نکاسی کے پائپوں اور ٹینکی میں جمع ہو سکتی ہے۔

چھت پر بارش کے پانی کی نکاسی کے لیے نصب پائپ / نالی پر جالی نصب کی گئی ہے تا کہ چوہے، کیڑے مکوڑے، پتے، تنکے وغیرہ پائپ میں نہ جائیں۔ اس جالی پر پتے، تنکے، بال وغیرہ جمع نہ ہوں۔ بصورت دیگر جالی میں پانی داخل نہیں ہو سکے گا اور ٹینکی میں جانے کی بجائے چھت پر ہی اکٹھا ہونا شروع ہو جائے گا۔

پانی کی نکاسی کے لیے لگائے گئے پی وی سی پائپوں کی صفائی کے لیے صفائی والے کارک نصب کیے گئے ہیں۔ اگر پائپوں میں کچرا یا کوئی اور شے پھنس جائے تو آپ اس کارک کو کھول کر پائپ کی صفائی کر سکتے ہیں۔

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ٹینکی کی اندرونی سطح اور پیندے میں کائی، ریت مٹی اور نمکیات وغیرہ کی تہہ جمع ہو جاتی ہے۔ اس لیے سال میں کم از کم دو تین مرتبہ ٹینکی کو خالی کر کے اس کی صفائی کریں۔

یونٹ کی تنصیب کے وقت اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ ٹینکی اور پائپوں میں لیکج نہ ہو۔
وقتاً فوقتاً پائپوں / نالیوں اور ٹینکی کا معائنہ کرتے رہیں کہ ان میں کسی قسم کی لیکج تو نہیں۔ اگر پانی کہیں سے لیک کر رہا ہو تو پلمبر کو بلوا کر اس لیکج کو بند کروائیں۔

ٹینکی کے ڈھکن میں سوراخ کر کے اس میں سفید رنگ کا بڑے قطر کا پائپ داخل کیا گیا ہے جو چھت سے بہہ کر آنے والے پانی کو ٹینکی تک پہنچاتا ہے۔ ٹینکی کے اوپری حصہ میں دو سوراخ ہیں۔ ان میں سے ایک ہوا کے گزر کے لیے ہے اور دوسرا اضافی پانی کے اخراج کے لیے۔ ٹینکی اگر بھر جائے تو اضافی پانی اس سوراخ کے ذریعے ٹینکی سے خارج ہو جائے گا۔ اگر آپ اپنے گھر میں بنی زیر زمین ٹینکی کا پانی پینے کے لیے استعمال نہیں کرتے تو اس اضافی پانی کو آپ اس ٹینک میں منتقل کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے یا تو پلاسٹک کی ٹینکی کے اوور فلو والے سوراخ یا ٹینکی کے نچلے حصہ میں لگے نل یا والو کے ساتھ ربڑ یا نرم پلاسٹک کا پائپ استعمال کریں۔

ٹینکی کے ساتھ پانی کے بہاؤ کے لیے سفید رنگ کے بڑے قطر اور سبز یا نیلے رنگ کے چھوٹے قطر کے پائپ نصب ہیں۔ چونکہ یہ پائپ اور ٹینکی پلاسٹک سے بنے ہیں اس لیے کوئی بھی تیز دھار یا نوکدار شے یا آگ کا شعلہ انہیں شدید نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اس لیے انہیں تیز دھار اور نوکیلی اشیاء اور آگ سے بچائیں۔